Gmail

۱۶۷۵
۳۶/۳/۱۲

Darul ifta Darul uloom <daruliftadarululoom@gmail.com>

## (no subject)

Hk Kakar <hk.kakar@yahoo.com> — 17 January 2015 at 11:30
To: daruliftadarululoom@gmail.com

السلام علیکم ورحمتہاللہ وبرکاتہ
کیا کسی غیر مسلم کو ان کے کرسمس یا دیوالی وغیرہ پر میری کرسمس یا مبارک باد دینا صحیح ہے؟
اگر کیسی کی مبائل ،کومپیوٹریا دوسری الیکٹرونیک اشیا میں قران ،حدیث ،تفسیر یا اور دینی چیزیں ہو تو اسکا شریعت کی روشنی میں کیا حکم ہے؟

---

**From:** Darul ifta Darul uloom <daruliftadarululoom@gmail.com>;
**To:** Hk Kakar <hk.kakar@yahoo.com>;
**Subject:** Re:
**Sent:** Sat, Dec 27, 2014 4:46:29 AM
[Quoted text hidden]

دار الافتاء
فتوی نمبر ۲۹/۱۶۹۳



001 0099

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## الجواب حامدا و مصليا

۱۔۔۔کرسمس ہو یا دیوالی، یا غیر مسلموں کی کوئی بھی مذہبی عید یا تہوار ہو، مسلمانوں کے لیے اس میں حاضر ہونا، ان کے جلسوں محفلوں میں شرکت کرنا یا انکی عبادت گاہوں میں جانا اور انکے ساتھ شرکت کرنا ہرگز جائز نہیں ہے، اسی طرح اس موقع پر ان کو اس تہوار کی تعظیم کی خاطر مبارکباد دینا یا انکو ہدایا دینا جائز نہیں ، بلکہ اگر اس سے انکی دین کی تعظیم مقصود ہو تو اس میں کفر کا قوی اندیشہ ہے بلکہ بعض مشائخ نے ایسے شخص کو کافر فرمایا ہے، لہٰذا مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ کرسمس وغیرہ میں نصاریٰ کے ساتھ یکجہتی یا محبت کی غرض سے شرکت سے مکمل اجتناب کریں، ورنہ سخت گناہ ہوگا اور اس میں کفر کا بھی قوی اندیشہ ہے تاہم اگر ان جلسوں اور محفلوں میں شریک نہ ہو اور نہ ہی انکی عبادت گاہ میں حاضری ہو اور نہ دل میں انکے مذہب کی تعظیم مقصود ہو اور مبارکباد نہ دینے سے اسلام یا مسلمانوں سے تنفر کا اندیشہ ہو تو صرف مبارکباد کے طور پر خوشی کے ایسے کلمات کہہ دیے جائیں، جو اس دن کی تعظیم پر مشتمل نہ ہوں تو اس کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔(ماخذہ التبویب ۷۴/۱۴۲۲و۸۷/۱۵۲۰بتصرف)

۲۔۔۔کسی شخص کا اپنے موبائل، کمپیوٹر یا دوسری الیکٹرونک اشیاء میں قرآن، حدیث تفسیر یا کوئی اور دینی چیز رکھنا فی نفسہ جائز ہے، البتہ ناجائز یا حرام مواد اپنے موبائل یا کمپیوٹر میں رکھنا جائز نہیں۔

السنن الكبرى للبيهقي (۹ / ۳۹۲):

أخبرنا أبو طاهر الفقيه، أنبأ أبو بكر القطان، ثنا أحمد بن يوسف السلمي، ثنا محمد بن يوسف، ثنا سفيان، عن ثور بن يزيد، عن عطاء بن دينار، قال: قال عمر رضي الله عنه: " لا تعلموا رطانة الأعاجم ولا تدخلوا على المشركين في كنائسهم يوم عيدهم , فإن السخطة تنزل عليهم "

الفتاوى الهندية (٦ / ٤٤٦):

والإعطاء باسم النيروز والمهرجان لا يجوز، وقال صاحب الجامع الأصغر: إذا أهدى يوم النيروز إلى مسلم آخر ولم يرد به تعظيم ذلك اليوم ولكن جرى على ما اعتاده بعض الناس لا يكفر ولكن ينبغي له أن لا يفعل ذلك اليوم خاصة ويفعله قبله أو بعده كي لا يكون تشبها بأولئك القوم

الفتاوى الهندية (۲ / ۲۷٦):

دار الافتاء

يكفر بوضع قلنسوة المجوس على رأسه على الصحيح إلا لضرورة دفع الحر والبرد وبشد الزنار في وسطه إلا إذا فعل ذلك خديعة في الحرب وطليعة للمسلمين وبقوله: المجوس خير مما أنا فيه يعني فعله وبقوله النصرانية خير من المجوسية لا بقوله المجوسية شر من النصرانية وبقوله النصرانية خير من اليهودية وبقوله لمعامله الكفر خير مما أنت تفعل عند بعضهم مطلقا، وقيده الفقيه أبو الليث بأن قصد تحسين الكفر لا تقبيح معاملته وبخروجه إلى نيروز المجوس لموافقته معهم فيما يفعلون في ذلك اليوم وبشرائه يوم النيروز شيئا لم يكن يشتريه قبل ذلك تعظيما للنيروز لا للأكل والشرب وبإهدائه ذلك اليوم للمشركين ولو بيضة تعظيما لذلك لا بإجابة دعوة مجوسي حلق رأس ولده وبتحسين أمر الكفار اتفاقا حتى قالوا: لو قال: ترك الكلام عند أكل الطعام حسن من المجوس، أو ترك المضاجعة حالة الحيض منهم حسن، فهو كافر كذا في البحر الرائق

**الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٦ / ٧٥٤):**

(والإعطاء باسم النيروز والمهرجان لا يجوز) أي الهدايا باسم هذين اليومين حرام (وإن قصد تعظيمه) كما يعظمه المشركون (يكفر) قال أبو حفص الكبير: لو أن رجلا عبد الله خمسين سنة ثم أهدى لمشرك يوم النيروز بيضة يريد تعظيم اليوم فقد كفر وحبط عمله اهـ ولو أهدى لمسلم ولم يرد تعظيم اليوم بل جرى على عادة الناس لا يكفر وينبغي أن يفعله قبله أو بعده نفيا للشبهة ولو شرى فيه ما لم يشتره قبل إن أراد تعظيمه كفر وإن أراد الأكل كالشرب والتنعيم لا يكفر زيلعي

**(رد المحتار) (٦ / ٧٥٥):**

والأولى للمسلمين أن لا يوافقوهم على مثل هذه الأحوال لإظهار الفرح والسرور---------------------والله سبحانه وتعالى اعلم بالصواب

عزيز اشرف عثمانی

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۴/ربیع الثانی/۱۴۳۶ھ

۱۴/فروری/۲۰۱۵ء

الجواب صحيح
محمود اشرف

الجواب صحيح
شاہ محمد تفضل علی

الجواب صحيح
محمد یعقوب